2024-09-21

Hrs08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. وزیراعظم نریندرمودی، امریکہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں، وہ Delaware میں Wilmington میں، کواڈ رہنماؤں کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

2 عام آدمی پارٹی کی سینئر رہنما آتشی کو آج، دلی کی وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف دلایاجائے گا۔

3 مرکز نے زمین کے بدلے ملازمت کیس میں RJD رہنما لالو یادو پر مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی ہے۔

4 سری لنکا میں ایک نئی پارلیمنٹ کے انتخاب کیلئے پولنگ جاری ہے۔

5 لبنان میں اسرائیل کے فضائی حملوں میں حزب اللہ کا چوٹی کمانڈر ابراہیم عقیل ہلاک ہوگیا ہے۔

6 اور بھارت نے---

بُڈّا پیسٹ میں شطرنج اولمپیاڈ کے نویں راؤنڈ میں ازبیکستان کے خلاف مقابلہ دو-دو سے برابر کرلیاہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-JAL SANCHAY

وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح امریکہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ اپنے اس دورے میں وہ اعلیٰ سطح کی بہت سی ملاقاتوں اور سرگرمیوں میں مصروف رہیں گے۔

جناب مودی اپنے اِس دورے کا آغاز Delaware کے شہر Wilmington میں، کواڈ رہنماؤں کی چوتھی سالانہ میٹنگ میں شرکت سے کریں گے۔

امید ہے کہ سربراہ کانفرنس کے دوران، آب وہوا میں تبدیلی سے لے کر اہم ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز تک، بہت سے موضوعات پربات چیت کی جائے گی۔ وزیراعظم مودی، کواڈ گروپ کے دیگر ارکان کے علاوہ، امریکی صدر جوبائیڈن کے ساتھ ایک دوطرفہ ملاقات بھی کریں گے۔

وزیراعظم مودی نے اپنے رخصت کے بیان میں کہاکہ وہ، کواڈ کانفرنس میں اپنے رفقائے کار صدر بائیڈن، آسٹریلیا کے وزیراعظم اینتھنی ایلبانیز اور جاپان کے وزیراعظم فومیو کِشیدا کے ساتھ ملاقاتوں کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ فورم ہم خیال ملکوں کے ایک بنیادی گروپ کے طور پر ابھرا ہے جو بھارت-بحرالکاہل خطے میں امن، ترقی اور خوشحالی کیلئے کام کرے گا۔

امریکی صدر کے ساتھ اپنی طے شدہ ملاقات کے بارے میں جناب مودی نے اعتماد ظاہر کیاکہ صدر بائیڈن کے ساتھ ان کی ملاقات سے دونوں ملکوں کو، ہمارے عوام کے فائدے اور عالمی بھلائی کیلئے بھارت-امریکہ جامع عالمی دفاعی شراکت داری میں مزید گہرائی لانے کے نئے راستوں کا جائزہ لینے اور اُن کی نشاندہی کرنے کا موقع ملے گا۔

اس کے بعد وزیراعظم مودی، نیویارک جائیں گے جہاں وہ کَل، بھارتی برادری کے ارکان کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وہ مصنوعاتی ذہانتAI ، کوانٹم کمپیوٹنگ اور سیمی کنڈکٹرس جیسی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں اشتراک کے مزید موقعے تلاش کرنے کیلئے، امریکہ میں قائم سرکردہ کمپنیوں کے اعلیٰ ایگزیکٹوز سے ملاقات بھی کریں گے۔

وزیراعظم نے اپنے بیان میں کہاکہ وہ بھارتی برادری اور اہم امریکی تاجروں کے ساتھ بھی ملاقات کے متمنی ہیں۔انہوں نے کہاکہ یہ لوگ اہم فریق ہیں اور دنیا کی سب سے بڑی اور پرانی جمہوریتوں کے درمیان منفرد اشتراک کو تحریک فراہم کرتے ہیں۔

جناب مودی اپنے دورے کے آخری دن نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ”مستقبل کی سربراہ کانفرنس“، سے خطاب کریں گے۔ اِس کانفرنس کا موضوع ہے”ایک بہتر کَل کیلئے کثیر ملکی طریقہ کار“، جس کا مقصد بین الاقوامی برادری کو درپیش اہم چیلنجوں کے سلسلے میں عالمی تعاون کو فروغ دینا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ یہ عالمی برادری کیلئے ایک موقع ہے کہ وہ انسانیت کی بہتری کیلئے اگلا راستہ طے کرے۔وزیراعظم نے کہا کہ وہ انسانی برادری کے چھٹے حصے کے نظریات کا اظہار کریں گے کیونکہ اُس کے پرامن اور محفوظ مستقبل میں اُس کا حصہ دنیا میں اولین ہے۔

بین الاقوامی امور، خاص طور پر بھارت-بحرالکاہل خطے میں کواڈ گروپ کی ایک خاص اہمیت ہے، لہٰذا کواڈ سمٹ کے دوران جن اہم موضوعات پر بات چیت کی امید ہے اُس کے بارے میں نیویارک میں موجودہماری نامہ نگار ہمانی کی ایک رپورٹ:

VC- Himani

سربراہ کانفرنس میں، دیرپا ترقیاتی مقاصد پر عمل درآمد کے ذریعے بھارت- بحرالکاہل خطے کی ترقی، عام اشیاء کی بہتر فراہمی اورخطے میں امن وخوشحالی نیز استحکام میں اضافے پر خاص توجہ دی جائے گی۔ کانفرنس کے ایجنڈے میں صحت بیمہ، آب وہوا میں تبدیلی، اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر مدد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت سے متعلق سازوسامان، کنکٹیویٹی، سمندری سلامتی اور دہشت گردی سے لڑائی کے موضوعات بھی شامل ہیں۔ کانفرنس میں کواڈ رہنما پچھلے ایک سال کی حصولیابیوں کا جائزہ لیں گے اور اگلے سال کا ایجنڈا طے کریں گے۔

بھارت اور امریکہ کے درمیان سفارتی تعلقات کئی دہائیوں سے ہیں۔ یہ تعلقات دفاع، دہشت گردی سے لڑنے میں تعاون، تجارتی اور اقتصادی تعلقات اور سائنس وٹیکنالوجی میں تعاون سے متعلق ہیں۔ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں مزید گہرائی پیدا کرنے کے سلسلے میں وزیراعظم مودی کے اس دورے سے کس طرح مدد ملے گی اس بارے میں ہماری نامہ نگار ہمانی کی طرف سے تفصیل :

VC- Himani

بھارت اور امریکہ کے درمیان ایک جامع عالمی دفاعی شراکت داری ہے، جس میں انسانی کوششوں کے تقریباً سبھی شعبے شامل ہیں۔ امریکی انتظامیہ کی درخواست پر بھارت نے اگلے سال کی کواڈ صدارت سنبھالنے کا فیصلہ کیاہے، جس کے فرائض فی الحال امریکہ ادا کررہا ہے۔ امریکی انتظامیہ کی طرف سے کی گئی اس درخواست سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں گرم جوشی کا اظہار ہوتا ہے۔ کواڈ کانفرنس سے الگ اس دورے میں بھارت-امریکہ دوطرفہ ملاقات بھی شامل ہے۔  اس دورے میں دو اہم معاہدوں کی بھی توثیق کی جائے گی۔  وزیراعظم کے ساتھ CEO گول میز کانفرنس بھی منعقد کی جائے گی،جس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان تجارت وصنعت میں مزید گہرائی لانا ہے۔

Prez. Atishi

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے عام آدمی پارٹی کی سینئر لیڈر آتشی کو دلّی کی وزیراعلیٰ کے طور پر مقرر کیا ہے۔ انہیں ان کی حلف برداری کی تاریخ سے اس عہدے پر مقرر کیاگیاہے۔ صدرِ جمہوریہ نے پانچ وزراء کی تقرریوں کی بھی منظوری دے دی ہے۔

ان کے نام ہیں: گوپال رائے، کیلاش گہلوت،   سورَو بھاردواج، عمران حسین، اور مکیش Ahlawat۔   حلف برداری کی تقریب راج نواس میں منعقد ہوگی جہاں دلی کے لیفٹننٹ گورنر وی۔کے۔سکسینہ، آتشی اور ان کے وزراء کی کونسل کو عہدے کا حلف دلائیں گےx۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CBI Lalu

تحقیقات کے مرکزی بیورو CBI نے دلی کی ایک عدالت کو بتایا ہے کہ اُس نے مبینہ زمین کے بدلے ملازمتوں کے گھوٹالے سے متعلق، بدعنوانی کے ایک کیس میں،  RJDرہنما اور

سابق ریلوے وزیر لالوپرساد یادو پر مقدمہ چلانے کیلئے، متعلقہ حکام سے منظوری حاصل کرلی ہے۔

CBIنے کل، دلی کی راؤایونیو عدالت میں اِس منظوری کی ایک نقل داخل کی۔

VC- Dharmendra

اس کیس کا تعلق،2004 سے 2009 کے درمیان،  لالو پرساد کی مرکزی ریلوے وزارت کے دوران ریلویز کے  جبل پور کے مغرب وسطی زون میں گروپ ڈی تقرریوں کے تحت ملازمتوں کے گھوٹالوں سے ہے۔یہ تقرر مبینہ طور پر RJD سربراہ لالو پرساد کے کنبے کے ارکان یا ان کے ساتھیوں کی طرف سے زمین تحفے میں دیئے جانے یا منتقل کئے جانے کے عوض کئے گئے تھے۔ اس کیس کی اگلی سماعت15 اکتوبر کو CBI کی نامزد عدالت میں کی جائے گی۔ BJP اور JDU نے اس قدم کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی ہے کہ  بدعنوانی کو کسی قیمت پر برداشت نہیں کیاجاسکتا۔ دوسری طرف RJD نے اسے ایک سیاسی انتقام کے تحت کی جانے والی کارروائی قرار دیاہے۔

پٹنہ سے دھرمیندرکمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں مجیب اختر

Modi3.0 -100Days

مودی سرکار کی تیسری مدت کے 100دن مکمل ہوگئے ہیں۔اِس مدت میں حکومت نے 15 لاکھ کروڑ روپے کے اخراجات والے پروجیکٹس شروع کئے ہیں، جن کے تحت بنیادی ڈھانچے، کسانوں، متوسط طبقے، خواتین اور نوجوانوں پر خاص توجہ دی گئی ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایاہے کہ نریندرمودی سرکار نے ملک کے متوسط طبقے کی زندگی کو مزید آسان بنانے اور اسے با اختیار بنانے کیلئے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔

VC- Saklen

مودی حکومت کی تیسری مدت کے شروع کے 100دن کے دوران پردھان منتری آواس یوجنا شہری کے تحت ایک کروڑ مکانات کی تعمیر منظوری دی گئی۔ ملک میں کاروبار کے جذبے کو فروغ دینے کیلئے حکومت نے مدرا قرض کی حد دس لاکھ سے بڑھا کر 20 لاکھ روپے کردی۔ مرکزی بجٹ میں مودی سرکار نے سات لاکھ روپے تک کی آمدنی پر انکم

ٹیکس چھوٹ کا اعلان کیاہے۔ سرکار نے اسٹینڈرڈ کٹوتی کو بھی پچاس ہزار روپے سے بڑھا کر 75 ہزار روپے کردیاہے۔

اس مدت کے دوران مرکز نے یونیفائیڈ پنشن اسکیم یوپی ایس کو بھی منظوری دی ہے جس سے مرکزی حکومت کے 23 لاکھ ملازمین کو فائدہ ہوگا۔ متوسط طبقے پر سے بجلی کے بل کا بوجھ کم کرنے کیلئے پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے تحت شمسی نظام ساڑھے تین لاکھ گھروں میں نصب کیاگیاہے۔

مرکزی حکومت نے پونے، تھانے اور بینگلورو میں 30ہزار 700 کروڑ روپے کے میٹرو پروجیکٹوں کو بھی منظوری دی ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں مجیب اختر

UPI Digital Payment

وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ مالی سال 2017-18 کے دو ہزار کروڑ کے مقابلے مالی سال 2023-24 میں ڈجیٹل ادائیگی لین دین بڑھ کر تقریباً 19 ہزار کروڑ ہوگیا ہے۔ یونیفائڈ پیمینٹس انٹرفیس (UPI)کا لین دین بھی بڑھ کر 13 ہزار کروڑ سے زیادہ ہوگیا ہے جو اسی مدت کے دوران تقریباً 90کروڑ تھا۔

وزارت نے مزید کہا ہے کہ UPI لین دین کی قدر مالی سال 2023-24 میں دو سو لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔ وزارت نے یہ بھی بتایا ہے کہ UPI سے فی الحال سات ملکوں متحدہ عرب امارات، سنگاپور، بھوٹان، نیپال، سری لنکا، فرانس اور موریشس میں براہِ راست لین دین کی سہولت فراہم ہو رہی ہے۔x

Constiturency Profile Habb Kadal

جموں و کشمیر میں دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات اس مہینے کی 25 تاریخ کو ہوں گے۔ سری نگر ضلعے میں، Habba Kadal سمیت 26 اسمبلی سیٹوں پر اس مرحلے کے تحت ووٹنگ ہوگی۔ ہمارے نامہ نگار نے اِس اسمبلی حلقے کا جائزہ لیا۔x

ایک رپورٹ

V/C Sunil Koul

SL Prez Election

سری لنکا میں صدارتی انتخابات کے لیے ووٹنگ کا عمل جاری ہے۔ نویں Executive صدر کو منتخب کرنے کے لیے ایک کروڑ70لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان ووٹ دینے کے مجاز ہیں۔ جزیرائی ملک میں دو ہزار بائیس کے معاشی بحران کے بعد پہلی مرتبہ انتخابات کرائے جارہے ہیں۔x

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C M.Farooqi

Lebonan Air Strike

لبنان کی راجدھانی بیروت کو نشانہ بناکر کیے گئے اسرائیلی فوجی حملوں کے بعد لبنان میں کم سے کم 14 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے۔ اسرائیل نے کہا ہے کہ اُس نے Hezbollahکے کارروائیوں کے کمانڈر ابراہیم عقیل اور اعلیٰ گروپ Radwan یونٹ کے دیگر سینئر ارکان کو حملے میں ہلاک کردیا ہے۔ اِس سال بیروت پر اسرائیل کا یہ تیسرا حملہ ہے۔یہ حملہ سرحد پار کی آمنے سامنے کی حالیہ فائرنگ کے تناظر میں کیاگیا ہے۔ جس میں Hezbollahنے کَل اسرائیل میں 100 سے زیادہ راکٹ داغے تھے۔

یہ حملہ حزب اللہ کے سربراہ حسن نصر اللہ کی سخت جوابی کارروائی کی دھمکی کے بعد کیا گیا تھا۔ اِس حملے میں ملیٹنٹ گروپ حزب اللہ کے مواصلاتی تنصیبات میں مواصلاتی آلات کو بھی چھپا کر رکھے گئے دھماکہ خیز مادے سے نشانہ بنایا گیا۔x

Israel Hizbullah

لبنان میں قائم دہشت گرد گروپ حزب اللہ نے کل راجدھانی بیروت کے جنوبی مضافات میں واقع ایک عمارت پر اسرائیل کی طرف سے کئے گئے ایک فضائی حملے میں اپنے چوٹی کے کمانڈر ابراہیم عقیل کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ لبنان کی وزارت صحت نے بتایا کہ Dahiyeh علاقے میں کئے گئے اس حملے میں کم ازکم 14 افراد ہلاک اور دیگر 66 زخمی ہوئے ہیں۔ میڈیا کی خبروں میں کہاگیاہے کہ حزب اللہ کی سرکردہ Radwan Force کے دیگر سات ممبروں کی لاشوں کے ساتھ عقیل کی لاش ملی ہے۔اسرائیل کا اس سال

بیروت پر کیاگیا یہ تیسرا حملہ ہے۔ لبنان کے وزیراعظم نجیب میقاتی نے گھنی آبادی والے اس علاقے پر کئے گئے حملے کی مذمت کی ہے اور اسے ایک سلسلہ وار نسل کشی قرار دیاہے۔×

Chess Olympiad

ہنگری کے شہر Budapest میں جاری 45ویں شطرنج اولمپیاڈ میں بھارتی ٹیم کی شاندار کارکردگی کا سلسلہ جاری ہے۔ اوپن سیکشن کے نویں مرحلے میں ازبیکستان کے خلاف کھیلتے ہوئے بھارتی ٹیم دو-دو سے برابری پر رہی۔ بھارت کے 17 پوائنٹ ہوگئے ہیں۔ پوائنٹ کی فہرست میں بھارت اب سب سے اوپر ہے۔اس دوران خواتین کے زمرے میں بھارتی ٹیم 15 پوائنٹ کے ساتھ دوسرے مقام پر پہنچ گئی ہے کیونکہ امریکہ کے ساتھ اس کا مقابلہ دو۔دو کی برابری پر ختم ہوا۔اوپن سیکشن میںD.Gukesh ، R.Praggananadhaارجن Erigaisi، اور Vidit گجراتی سمیت سبھی چار کھلاڑیوں کے میچ برابری پر ختم ہوئے۔ بھارتی ٹیم کو امریکہ پر دو پوائنٹ کی سبقت حاصل ہے جو اب دوسرے نمبر پر ہے، جبکہ ازبیکستان تیسرے مقام پر ہے۔

اِدھر خواتین کے زمرے میں ویشالی کے گُل رُخ بیگم سے ہارنے کے بعد قزاقستان 16 پوائنٹ کے ساتھ سرفہرست ہے۔ اب کھیل کے دو مرحلے باقی رہ گئے ہیں۔x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو جلی سرخیوں کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے کاریگروں کی مدد کے لیے مرکزی حکومت کی طرف سے جاری وشو کرما پروگرام پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کے اس بیان کو خصوصی طور پر شائع کیا۔ جس میں انھوں نے کہا کہ

وشوکرما اسکیم کا مقصد دستکاروں کو خوشحال بنانا اور انہیں کاروباریوں کا درجہ دلانا ہے۔

31مارچ 2026 تک نکسل ازم کو ختم کردیا جائے گا۔ چھتیس گڑھ میں نکسلی تشدد کے 55متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ امت شاہ نے یہ بات کہی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔

NCERTکے نصاب میں ویر عبدالحمید سے متعلق ایک سبق شامل کیے جانے کی خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب نے خصوصی طور پر شائع کیا۔ وزارتِ دفاع نے اس بات کا اعلان کیا تاکہ اسکولی بچوں میں حب الوطنی اور قربانی کے جذبے کو فروغ دیا جا سکے۔

کشمیر کے ضلع بڈگام میں ایک بس کے کھائی میں گرنے سے BSF کے تین جوانوں کی موت سے متعلق خبر کو روزنامہ پرتاپ نے شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس حادثے میں 32 جوان زخمی بھی ہوئے ہیں۔x

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندرمودی، امریکہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں، وہ Delaware میں Wilmington میں، کواڈ رہنماؤں کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

2 عام آدمی پارٹی کی سینئر رہنما آتشی کو آج، دلی کی وزیراعلیٰ کے عہدے کا حلف دلایاجائے گا۔

3 مرکز نے زمین کے بدلے ملازمت کیس میں RJD رہنما لالو یادو پر مقدمہ چلانے کی اجازت دے دی ہے۔

4 سری لنکا میں ایک نئی پارلیمنٹ کے انتخاب کیلئے پولنگ جاری ہے۔

5 لبنان میں اسرائیل کے فضائی حملوں میں حزب اللہ کا چوٹی کمانڈر ابراہیم عقیل ہلاک ہوگیا ہے۔

6 اور بھارت نے۔۔۔

بُدّا پیسٹ میں شطرنج اولمپیاڈ کے نویں راؤنڈ میں ازبیکستان کے خلاف مقابلہ دو۔دو سے برابر کرلیاہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------